## ہولی خوشی کا تہوار ہے، دیگر مذاہب کی جانب سے اس تہوار کے احترام سے ہی مذہبی رواداری کو فروغ ملے گا، الطاف حسین

## ایم کیوایم تمام مذاہب کے ماننے والوں کا احترام کرتی ہے اوران کی خوشیوں میں بھی برابر کی شریک ہے

## ہولی کے تہوار پر پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ہندو برادری کو الطاف حسین کی دلی مبارکباد

لندن۔۔۔28،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ہندو برادری کوان کے مذہبی تہوار ہولی کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہندو برادری کیلئے ہولی خوشی کا تہوار ہے۔انہوں نے کہا کہ دین اسلام بھی امن ومحبت، بھائی چارے اور مذہبی رواداری کا درس دیتا ہے اور جوعناصر دیگر مذاہب کے تہواروں پر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے فسادات کو ہوادیتے ہیں اوران کا احترام نہیں کرتے وہ مذہب سے عاری لوگ ہیں اور مذہبی رواداری کا فروغ نہیں چاہتے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم تمام مذاہب کے ماننے والوں کا احترام کرتی ہے اوران کی خوشیوں میں بھی برابر کی شریک ہے۔جناب الطاف حسین نے ہولی کے تہوار کے موقع پر ہندو برادری سے اپیل کی کہ وہ اپنی عبادتوں میں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی، ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی کامیابی اور دنیا بھر سے دہشت گردی کے عفریت کے خاتمے کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم کی جانب سے جشن عید میلادالنبیﷺ کے جلوسوں کی گزرگاہوں پر شربت اور پانی کی سبیلوں کا انعقاد

کراچی۔۔۔28فروری2010ء

جشن عید میلادالنبیﷺ کے موقع پر شہر کے مختلف علاقوں سے نکلنے والے جلوسوں کی گزرگاہوں پر ایم کیوایم کے سیکٹروں اور یونٹوں کی جانب سے شربت اور پانی کی سبیلوں کا انعقاد کیا گیا۔ایم کیوایم کی علماء کمیٹی، امن کمیٹیوں کے ارکان، سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے علاقائی سطح پر نکلنے والے جلوسوں میں شرکت کی اور ایم کیوایم کی جانب سے جلوس کے شرکاء میں لنگر اور مٹھائی تقسیم کی۔اس موقع پر انہوں نے جلوسوں کے شرکاء پر خوشبو کے اسپرے بھی کئے۔

## جشن عید میلادالنبیﷺ کے سلسلہ میں ایم کیوایم لاہور زون میں محفل حمد ونعت کا انعقاد

لاہور۔۔۔28فروری2010ء

ایم کیوایم لاہور زون میں جشن عید میلادالنبیﷺ کے سلسلہ میں محفل حمد ونعت کا انعقاد کیا گیا۔محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا،نعیم طاہر نے نعت شریف پڑھی،مبین الدین قاضی ایڈوکیٹ نے بھی نعتیہ اشعار بارگاہ رسالتﷺ میں پیش کئے۔اس موقع پر منیر نے فکر انگیز گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حضورﷺ کی حیات طیبہ کے حوالے سے آپ کا اخلاق وکردار انسانیت کی عظمت کی واضح دلیل ہے اگر آج کا انسان یہ چاہتا ہے کہ دینا میں امن وامان قائم ہوجائے تو پھر اسے آپ کی حیات طیبہ کو اپنے لئے ایک نمونہ بنانا ہوگا۔اس موقع پر لاہور زونل کمیٹی کے انچارج رانا یونس نے کہا کہ بارہ ربیع الاول کا دن پوری انسانیت کے لئے خوشیوں کا دن ہے کیونکہ اس دن ظلمت کی رات ختم ہوگئی، اور اسلام کی روشنی نے پوری دنیا کو منور کردیا ہے۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کا سالانہ کنونشن 2 مارچ کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا

کراچی۔۔۔28،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کا 23واں سالانہ کنونشن 2 مارچ بروز منگل کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں شام 7 بجے منعقد ہوگا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست منتخب نمائندگان، سرکاری ونیم سرکاری کے کارکنان، محنت کش اور مزدور یونینوں کے عہدیداران بھی شرکت کریں گے۔ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی جانب سے سالانہ کنونشن کی تیاریوں کا سلسلہ شروع کردیا گیا ہے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر نیو کراچی سیکٹر یونٹ 142 کے کارکن واجد قریشی کو تنظیم سے خارج کردیا گیا

کراچی۔۔۔28،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 142 کے کارکن واجد قریشی ولد شہاب الدین کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ فرد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 148 کے کارکن اخلاق احمد صدیقی کے بھائی انوراحمد،ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 189 کے کارکن محمد ایوب ملک کے والد ولی محمد ملک اور ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 68 کے کارکن شاہ محمد رؤف اللہ کے والد شاہ محمد عزیز اللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆